فوری ریلیز کے لیے: 2024/4/4 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے سینیٹ کی طرف سے نیو یارک ریاستی پولیس سپرنٹنڈنٹ STEVEN G. JAMES کی تصدیق کا اعلان کر دیا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج سینیٹ کی طرف سے نیو یارک ریاستی پولیس سپرنٹنڈنٹ Steven G. James کی تصدیق کا اعلان کیا ہے۔

"عوامی تحفظ میری اوّلین ترجیح ہے اور ان کوششوں میں سپرنٹنڈنٹ James ایک اہم شراکت دار ثابت ہوئے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیو یارک ریاستی پولیس جرائم سے لڑنے اور لوگوں کو محفوظ رکھنے کے لیے غیر معمولی انداز میں کام کرتی ہے، اور مجھے یقین ہے کہ سپرنٹنڈنٹ James یہ کوششیں جاری رکھیں گے اور ان کوششوں میں توسیع کریں گے۔"

نیو یارک ریاستی پولیس سپرنٹنڈنٹ Steven G. James نے کہا، "میں گورنر Hochul اور نیو یارک کے ریاستی سینیٹ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ مجھے 18ویں نیو یارک ریاستی پولیس سپرنٹنڈنٹ کے طور پر خدمت انجام دینے کا موقع دیا گیا ہے۔ میں اپنی عظیم ریاست کے لوگوں کی بہتر انداز میں خدمت کی بجا آوری کے لیے اپنی ایجنسی کے اندر اعتماد، تعاون، پیشہ ورانہ رویہ اور احتساب کو فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہوں۔"

سپرنٹنڈنٹ James نے ریاست نیو یارک کی پولیس میں 32 سال سے زائد عرصے تک خدمات انجام دی ہیں، جہاں انہوں نے دو دہائیوں سے زائد عرصے تک ایک قائدانہ کردار نبھایا ہے۔ حال ہی میں، انہوں نے ملازمین کے ساتھ تعلقات کے لیے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کے طور پر خدمات انجام دیں اور اسسٹنٹ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ، سٹاف انسپکٹر، میجر، کیپٹن، لیفٹیننٹ، سینئر تفتیش کار، سارجنٹ، تفتیش کار اور ٹروپر کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ انہوں نے SUNY البانی سے نفسیات میں بی ایس اور Marist کالج سے پبلک ایڈمنسٹریشن میں ماسٹر کیا ہوا ہے۔

گورنر Hochul نے جنوری میں سپرنٹنڈنٹ James کی نامزدگی کا اعلان کیا تھا۔

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے فوجداری انصاف سے متعلقہ خدمات کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا، "DCJS، ریاست نیو یارک کی پولیس اور ہماری مقامی پولیس ایجنسیوں کا ایک ثابت قدم ساتھی رہا ہے۔ ہم سینیٹ کی جانب سے سپرنٹنڈنٹ Steven James کی تصدیق کو سراہتے ہیں اور ان کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں کیونکہ ہم نیو یارک بھر میں لوگوں کی حفاظت میں مدد کرتے ہیں۔ گورنر Hochul کی جانب سے یہ نامزدگی، عوامی تحفظ اور ہماری ایجنسیوں کی حمایت کے سلسلے میں ان کی بے مثال قیادت کی مزید ایک اور مثال ہے۔"

ریاست نیو یارک محکمۂ اصلاحات و کمیونٹی نگرانی کے قائم مقام کمشنر Daniel F. Martuscello سوم نے کہا، "میں سپرنٹنڈنٹ James کی تصدیق پر انہیں مبارکباد دیتا ہوں۔ گورنر Hochul کی جانب سے ریاست نیو یارک کے لوگوں کی حفاظت پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے اور گورنر کی جانب سے سپرنٹنڈنٹ James کی تقرری کے نتیجے میں وہ علم اور تجربہ بروئے کار لایا جائے گا کہ ہم جن مسلسل بدلتے ہوئے وقتوں میں رہتے ہیں، وہ ان کے دوران ریاستی پولیس کی رہنمائی کے لیے ضروری ہے۔ DOCCS نیو یارک کے شہریوں کی خدمت آوری اور حفاظت کے سلسلے میں ان کے ساتھ اور ریاستی پولیس کے ساتھ شراکت داری جاری رکھنے کا منتظر ہے۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں